## الطاف حسین نے ٹیلی فون پر جسقم کے چیئرمین بشیر قریشی پر قاتلانہ حملہ پر فون کر کے خریت دریافت کی
## جسقم کے کارکن مشتاق خاصخیلی کی ہلاکت پر سوگواران سے اظہار تعزیت
## بشیر قریشی پر قاتلانہ حملہ ایک سازش تھی جو سندھ میں لسانی فسادات کرانے کے مترادف ہے، الطاف حسین
## حملہ ٹارگٹ کلنگ تھا جو کراچی میں ایجنسیاں کر رہی ہیں، متحدہ کے کارکنان کو بھی یہ ہی ایجنسیاں ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے قتل کروا رہی ہیں، بشیر قریشی

لندن۔۔۔25 جولائی 2009

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں جسقم کے چیئرمین بشیر قریشی پر قاتلانہ حملہ پر فون کر کے ان کی خریت دریافت کی اور واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا واقعہ کھلی دہشت گردی ہے۔ جناب الطاف حسین نے بشیر قریشی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ حملہ سندھ میں لسانی فسادات کرانے کی مذموم سازش تھی جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشتاق خاصخیلی کی شہادت سندھ کے ایک سچے سپوت کی شہادت ہے جسے سندھ دھرتی کے عوام ہمیشہ یاد رکھیں گے اور اس کی شہادت کو رائیگا نہیں جانیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف آپ کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ پوری سندھ دھرتی کا مسئلہ ہے اور سندھ کے ایک ایک بیٹے کا مسئلہ ہے جسے ہمیں مل کر ان سازشوں کو ناکام کرنا ہے اور سندھ دھرتی ماں کی حفاظت کر کے دھرتی کے دشمنوں سے دھرتی کو پاک کریں گے۔ الطاف حسین نے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان اور وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ جسقم کے چیئرمین بشیر قریشی پر قاتلانہ حملہ اور اس واقعہ میں جسقم کے کارکن مشتاق خاصخیلی کی شہادت کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے اور سازشی عناصر کو بے نقاب کیا جائے۔ اس موقع پر جسقم کے رہنماء بشیر قریشی نے الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ریلی پر حملہ کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ یہ حملہ ٹارگٹ کلنگ کا تسلسل تھا جو کراچی میں ایجنسیاں کر رہی ہیں اور متحدہ کے کارکنان کو بھی یہ ہی ایجنسیاں ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے قتل کروا رہی ہیں بشیر قریشی نے مزید بتایا کہ ایک حملہ آور بھی پکڑا گیا ہے جس کے پاس سے سرکاری ایجنسیوں کے مختلف کارڈ بھی برآمد ہوئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے بشیر قریشی سے گفتگو کرتے ہوئے واقعہ میں جسقم کے کارکن کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جسقم کے ذمہ داران اور کارکنان سمیت مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

## ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے ٹیلی پر گفتگو
## جسقم کے چیئرمین بشیر قریشی پر قاتلانہ حملہ کی تفصیلات سے آگاہ کیا
## بشیر قریشی پر قاتلانہ حملہ اور جسقم کے کارکن مشتاق خاصخیلی کی ہلاکت کی مکمل تحقیقات کرائی جائے گی، سید قائم علی شاہ
## پیپلز پارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ سندھ میں امن وامان قائم رکھنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی

لندن۔۔۔25 جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ کے وزیر اعلیٰ سید قائم علی شاہ سے ٹیلی پر گفتگوں کی۔ الطاف حسین نے وزیر اعلیٰ سندھ کو کراچی میں جسقم کے چیئرمین بشیر قریشی پر قاتلانہ حملہ اور جسقم کے کارکن مشتاق خاصخیلی کی شہادت کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور کہا کہ بشیر قریشی پر قاتلانہ حملہ سندھ پر حملہ کے مترادف ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ الطاف حسین نے کہا کہ کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں اب تک ایم کیو ایم کے 31 کارکنان شہید ہو چکے ہیں اور بشیر قریشی کے قاتلانہ حملہ میں بھی وہی لوگ ملوث ہیں جو کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کی واردات کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے الطاف حسین کو یقین دلایا کہ بشیر قریشی پر حملہ کی مکمل تحقیقات کرائی جائے گی اور اس میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ الطاف حسین اور سید قائم علی شاہ نے اس بات پر اتفاق کیا کہ سندھ میں سندھی بولنے والوں اور اردو بولنے والوں درمیان فسادات کرانے کی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے اور پیپلز پارٹی متحدہ قومی موومنٹ کے ساتھ ملکر سندھ میں امن وامان قائم رکھنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔

## پاکستان اوراس کے عوام کے مسائل کی اصل جڑ ملک وقوم پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام ہے، الطاف حسین

## متحدہ قومی موومنٹ کے 12ویں یوم تاسیس کے موقع پر خصوصی بیان

لندن۔۔۔25، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان اوراس کے عوام کے مسائل کی اصل جڑ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوگا پاکستان میں نہ تو جمہوریت مستحکم ہوسکتی ہے اور نہ ہی غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے بنیادی مسائل حل ہوسکتے ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ کے 12ویں یوم تاسیس کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے موروثی سیاست اورفرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے تاکہ ملک بھر کے غریب ہاری، کسان اورمحنت کش طبقہ کے عوام کوبھی تعلیم ،صحت اورروزگار کے وہی مواقع میسرآسکیں جومراعات یافتہ طبقہ کے عوام اوران کی اولادوں کوحاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے پاکستان کی سیاسی تاریخ میں پہلی مرتبہ سیاست برائے خدمت کے فلسفہ کا عملی مظاہرہ کیا اورغریب ومتوسط طبقہ کے تعلیم یافتہ اورایماندارافراد کومنتخب کراکرایوانوں میں بھیجا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا فکروفلسفہ ملک بھر میں عام کرنا چاہتی ہے اوراسی مقصد کے تحت ایم کیوایم کومتحدہ قومی موومنٹ میں تبدیل کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آج حق پرستی کا پیغام سندھ دھرتی سے نکل کرآزادکشمیرسمیت ملک کے چاروں صوبوں میں پھیل چکا ہے اورملک بھر کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد جوق در جوق متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم پر جمع ہورہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان اوراس کے عوام کے مسائل کی اصل جڑ ملک وقوم پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام ہے اور جب تک اس فرسودہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوگا پاکستان میں نہ تو جمہوریت مستحکم ہوگی اور نہ ہی غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے بنیادی مسائل حل ہوں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد سچائی پرمبنی ہے اورہمیں کامل یقین ہے کہ حق پرستی کی جدوجہد ایک دن کامیابی سے ہمکنار ہوگی اور ملک بھر کے عوام کوفرسودہ جاگیردارانہ نظام سے نجات ملے گی۔ جناب الطاف حسین نے آزادکشمیر،صوبہ سندھ، پنجاب، سرحد اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں کومتحدہ قومی موومنٹ کے 12ویں یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کارکنان پرزوردیا کہ وہ تمام تر نامساعدحالات اورمشکلات کے باوجود مستقل مزاجی اورثابت قدمی سے حق پرستی کی جدوجہد جاری رکھیں اورعوامی مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کرداراداکریں۔

## جسقم کے چیئرمین بشیرخان قریشی پر قاتلانہ حملے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے، ارکان قومی اسمبلی

## اخباری اطلاعات کے مطابق بشیرقریشی پرحملہ کرنے والوں کا تعلق حقیقی دہشت گردوں سے ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کے ذریعہ ایک مرتبہ پھر سندھ کے مستقل باشندوں کوآپس میں لڑانے کی گھناؤنی سازش کی جارہی ہے

کراچی۔۔۔25، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹرایوب شیخ ،سفیان یوسف اورآصف حسنین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ جسقم کے چیئرمین بشیرخان قریشی پرقاتلانہ حملے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اورقاتلانہ حملے کے پس پردہ سازش کوبے نقاب کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اخباری اطلاعات کے مطابق بشیرقریشی پر حملہ کرنے والوں کا تعلق حقیقی دہشت گردوں سے ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کے ذریعہ ایک مرتبہ پھر سندھ کے مستقل باشندوں کوآپس میں لڑانے کی گھناؤنی سازش کی جارہی ہے جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ سندھ کے مستقل باشندوں نے اپنے اتحاد سے سندھ دھرتی کے خلاف کی جانے والی ہرسازش کوناکام بنایا ہے اورآئندہ بھی سندھ دھرتی کے سچے سپوت صوبہ سندھ اوراس کے عوام کے خلاف ہرسازش کوناکام بنادیں گے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹرایوب شیخ ،سفیان یوسف اورآصف حسنین نے صدرآصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ بشیرقریشی پر قاتلانہ حملے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اورقاتلانہ حملے کے پس پردہ سازش کوبے نقاب کیا جائے۔

## اعلیٰ عدلیہ ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی طبقہ کا بھی محاسبہ کرے، گلفراز خان

## ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت مومن آباد کی یوسی 1 میں منعقدہ کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔25، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان نے کہا ہے کہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کی میوزیکل چیئر کا کھیل اب ختم ہونا چاہئے اور اعلیٰ عدلیہ ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی طبقہ کا بھی محاسبہ کرے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت مومن آباد کی یوسی 1 میں منعقدہ کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر پی پی اوسی کے اراکین ظفر اقبال، ذرین الرحمان اور نصرت خیل بھی موجود تھے۔ گلفراز خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ ملک کے سیاسی ومعاشی استحکام کیلئے عدلیہ کا کردار اہمیت کا حامل ہے، اعلیٰ عدلیہ ملک کے خزانے پر ڈاکے ڈالنے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں لائے اور ملک کی معاشی صورتحال کے پیش نظر قرضے لیکر معاف کرانے والوں سے ایک ایک پائی وصول کر کے ملک کی معیشت کو سہارا فراہم کرے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے چیف جسٹس جسٹس افتخار محمد چوہدری کے نام اپنے کھلے خط میں بینکوں سے اربوں، کھربوں کے قرضے لیکر معاف کرنیوالوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے اور یہ مطالبہ عوامی جذبات اور امنگوں کی مکمل ترجمانی کرتا ہے۔ گلفراز خان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد ملک کے استحکام، سلامتی اور ترقی وخوشحالی سے وابستہ ہے اور ایم کیوایم اپنی اس جدوجہد کو منزل کے حصول تک جاری رکھے گی۔

## ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن کی ہمشیرہ، الیکشن سیل کے رکن اور نیوکراچی ٹاؤن کے یوسی ناظم کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 34 کے کارکن محمد فیصل کی ہمشیرہ محترمہ زہرہ، ایم کیوایم الیکشن سیل کے رکن محمد حنیف کے بھائی اصغر علی، ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹ A-2 کے کارکن محمد اسلم کی صاحبزادی محترمہ شبانہ اور نیوکراچی ٹاؤن یوسی 13 کے حق پرست یوسی ناظم محمود علی حسن کے بھائی ناصر حسن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن عبداللہ کے بھائی پارس کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں مرحوم کے لواحقین اپنے آپ کو ہرگز تنہا نہ سمجھیں۔

☆☆☆☆☆